# مکان بنانے کیلیے مورد نیاز زمین کا خمس

**28 /Oct/ 2016**

س: اگر کسی شخص کے پاس اس کی حیثیت کے مناسب دوسری زمین ہو اور یہ اس کی ضرورت کے مطابق ہو کیونکہ وہ صاحبِ عیال ہے لیکن خمس کے سال کے آخر تک اس پر مکان نہ بنوا سکے یا ایک سال میں عمارت کی تعمیر مکمل نہ کرسکے تو کیا اس پر خمس واجب ہے؟

ج: وہ زمین، جس کی مکان بنانے کےلئے انسان کو ضرورت ہے، اس پر خمس کے واجب نہ ہونے کے لحاظ سے فرق نہیں ہے کہ زمین کا ایک ٹکڑا ہو یا زیادہ یا ایک مکان ہو یا ایک سے زیادہ، بلکہ معیار عرف میں اس کی حیثیت کے مطابق ضرورت کا صادق آنا اوراسکی تدریجی تعمیرکیلئے شخص کی مالی حیثیت ہے۔